اشاریہ ششماہی علوم القرآن علی گڑھ (۱۹۸۵-۲۰۰۳ء) ڈاکٹر ظفر الاسلام اصلاحی
ناشر: ادارۂ علوم القرآن سرسید نگر علی گڑھ، سن اشاعت ۲۰۰۵ء، صفحات: ۵۶، قیمت ۲/۲۰ روپے

رسائل ومجلات کے اشاریے علمی وتحقیقی کام کرنے والوں کے لیے شاہ کلید کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان سے کسی علمی نتیجہ کی دریافت میں وقت اور محنت کی بچت کے علاوہ کسی موضوع کے جائزہ واحتساب میں بھی بڑی مدد ملتی ہے۔ اسی افادیت واہمیت کے پیش نظر مختلف رسائل ومجلّات کے اشاریے پہلے بھی شائع ہوتے رہے ہیں اور حال میں اس کام میں تیزی آئی ہے۔ اس سلسلے کی ایک کڑی زیر نظر اشاریہ ہے۔

ششماہی مجلّہ علوم القرآن علی گڑھ ادارۂ علوم القرآن کا ترجمان ہے۔ قرآن اور قرآنیات سے متعلق مضامین ومقالات کی اشاعت اس مجلّہ کی انفرادیت ہے۔ اداریہ سے لے کر خبرنامہ تک اس کا ہر کالم قرآنی علوم وفنون کے کسی نہ کسی پہلو سے تعلق رکھتا ہے۔ قرآنی تعلیمات کی روشنی میں کسی سماجی یا معاشی مسئلہ کا تجزیہ یا انسانی زندگی کے کسی پہلو سے متعلق قرآنی افکار وتعلیمات کی ترجمانی، قدیم وجدید مفسرین میں سے کسی کا تعارف یا ان کی تفسیری خدمات اور منہج تفسیر کا جائزہ، قرآنی کتب پر تنقیدی وتجزیاتی تبصرے، قرآنیات پر نئی مطبوعات کا تعارف، قرآنیات کے مختلف پہلوؤں سے متعلق اردو، عربی اور انگریزی مطبوعات کے اشاریے اور قرآن وقرآنیات سے متعلق اہم ودلچسپ خبریں اس مجلّہ کے مستقل مشتملات ہیں۔ مجلّہ کی ایک خصوصیت اس کے مقالات کا انگریزی خلاصہ ہے جو ہر شمارہ کے آخر میں دیا جاتا ہے۔ اس سے اردو نہ جاننے والے انگریزی داں لوگ بھی استفادہ کر لیتے ہیں۔

زیر تبصرہ اشاریہ میں اس مجلّہ کی ۱۸ جلدوں (۱۹۸۵ء-۲۰۰۳ء) کا احاطہ کیا گیا اور اسے موضوعات کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے۔ ہر موضوع کے تحت مندرجات کی ترتیب میں حروف تہجی کی رعایت کی گئی ہے۔ اس میں مقالات کے علاوہ مستقل کالمز (اداریہ، تعارف وتبصرہ، کتاب نما وخبرنامہ) کے مشتملات کا بھی احاطہ کیا گیا ہے۔

آخر میں خصوصی شمارہ مولانا امین احسن اصلاحی نمبر کا اشاریہ دیا گیا ہے۔ اشاریہ ہر اعتبار سے مفید اور بہتر ہے۔ (م-ج-ک)